سرکاری رپورٹ

چھٹا بجٹ اجلاس

بلوچستان صوبائی اسمبلی

کی کارروائی

منعقدہ مورخہ ۲۲ جون ۱۹۹۴ء بمطابق ۱۱ محرم الحرام ۱۴۱۵ ہجری (بروز چہار شنبہ)

نمبر شمار	فہرست	صفحہ نمبر
۱۔	آغاز کارروائی تلاوت قرآن پاک و ترجمہ	۲
۲۔	وقفہ سوالات	۳
۳۔	رخصت کی درخواستیں	۱۲
۴۔	ضمنی بجٹ ۹۴-۱۹۹۳ء پر عام بحث	۱۵
۵۔	ضمنی بجٹ کے مطالبات زر پر رائے شماری (ضمنی بجٹ منظور)	۱۷
۶۔	مالیاتی بل ۱۹۹۴ء پیش ہوا	۲۸

جلد

شمارہ

بلوچستان صوبائی اسمبلی

۱۔ جناب اسپیکر ----- مسٹر عبدالوحید بلوچ

۲۔ جناب ڈپٹی اسپیکر ----- مسٹر ارجن داس بگٹی

افسران صوبائی اسمبلی

۱۔ سیکریٹری اسمبلی ----- مسٹر اختر حسین خاں

۲۔ جوائنٹ سیکریٹری ----- مسٹر عبدالفتاح کھوسو

بلوچستان صوبائی اسمبلی کا چھٹا بجٹ اجلاس

مورخہ ۲۲ جون ۱۹۹۴ء بمطابق گیارہ محرم الحرام ۱۴۱۵ ہجری

(بروز اتوار)

زیر صدارت جناب عبدالوحید بلوچ۔ اسپیکر

بوقت تین بجے (سہ پہر) صوبائی اسمبلی ہال کوئٹہ میں منعقد ہوا۔

تلاوت قرآن پاک و ترجمہ

از

مولانا عبدالمتین اخوندزادہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمَنْ يُسْلِمْ وَجْهَهُ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ط وَاِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ہ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهٗ ط اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ط

ترجمہ :۔ جو شخص اپنے آپ کو اللہ کے حوالے کردے اور عملاً وہ نیک اور مخلص ہو تو اس نے فی الواقع بھروسے کے قابل ایک بڑا مضبوط سہارا تھام لیا اور سارے معاملات کا آخری فیصلہ اللہ ہی کے ہاتھ ہے۔ اب جو کفر کرتا ہے تو اس کا کفر آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو غمگین نہ کرے۔ ان سب کو ہماری ہی طرف تو پلٹ کر آنا ہے پھر ہم انہیں بتادیں گے جو کچھ وہ کیا کرتے تھے۔ (وما علینا الا البلاغ)

جناب اسپیکر :- جزاک اللہ۔ وقفہ سوالات۔ جناب عبدالرحیم شاہوانی صاحب اپنا سوال نمبر ۶۸ دریافت فرمائیں۔

X ۶۸ **نواب عبدالرحیم شاہوانی :-** کیا وزیر بی ڈی اے ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ چھوتول کے لئے درآمد شدہ مشینری کھلے آسمان تلے پڑی ناکارہ ہو رہی ہے۔

(ب) اگر جزو (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے اور ذمہ دار افراد کے خلاف کیا کارروائی کی گئی ہے اور اگر نہیں' تو اس کی کیا وجہ ہے؟

وزیر بی ڈی اے :-

(الف) یہ درست ہے کہ چھوتو ملز کے لئے درآمد شدہ مشینری بند کریٹوں میں موٹی پلاسٹک کی پیکنگ کے ساتھ ملز کے احاطہ میں موجود ہے اس لئے اس کے ناکارہ ہونے کا خدشہ نہیں ہے۔

(ب) جزو (الف) کا جواب بھی اثبات میں نہیں ہے۔

جناب اسپیکر :- سوال نمبر ۸۶ سردار محمد اختر مینگل صاحب دریافت کریں۔

X ۸۶ **سردار محمد اختر مینگل :-** کیا وزیر بی ڈی اے ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ بی ڈی اے کے راشی اور بدعنوان ملازمت سے برخاست شدہ آفیسروں کی دوبارہ غیر قانونی بحالی کے لئے کیسز Cases اور فائلوں یا کاغذات وغیرہ پر آپ کی معرفت کارروائی ہوئی ہے یا نہیں۔

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ گزشتہ Cabinit Meeting میں یہ فیصلہ ہوا تھا کہ ہر محکمے کا سیکریٹری / چیئرمین ہر کام متعلقہ وزیر کے نوٹس میں لائے گا۔

(ج) کیا یہ امر واقعہ ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹر کی میٹنگ کی اطلاع جو چیئرمین بی ڈی اے نے ان آفیسروں کی غیر قانونی بحالی کے لئے بلائی تھی اس کی اطلاع آپ کو دی گئی یا نہیں۔

وزیر بی ڈی اے :-

(الف) بی ڈی اے کے برطرف آفیسران کے معاملات کے متعلق میرے دور میں کوئی کارروائی نہیں ہوئی ہے۔

(ب) ہاں درست ہے۔

(ج) بی ڈی اے کے قواعد و ضوابط کی رو سے بورڈ آف ڈائریکٹر کی میٹنگ کی اطلاع وزیر متعلقہ کو دینا ضروری نہیں۔

سردار محمد اختر مینگل (ضمنی سوال) :- جناب اسپیکر! جواب کے جزو الف میں کہا گیا ہے (بی ڈی اے کے برطرف آفیسران کے معاملات کے متعلق میرے دور میں کوئی کارروائی نہیں ہوئی ہے" وزیر موصوف کے دور میں کیا فیصلہ ہوا تھا۔ کیا فیصلہ ان کے وقت میں نہیں ہوا تھا؟

سردار نواب خان ترین (وزیر بی ڈی اے) :- سردار صاحب یہ مسئلہ ہمارے سے پہلے کا ہے۔ اس کے بارے میں آپ کو میں عرض کروں گا کہ مسٹر فاروق کو برطرف کیا گیا تھا میری رپورٹ میں اس کو گورنمنٹ آف بلوچستان نے ٹمپریری Temprary طور پر رکھا تھا بعد میں اس کو معطل کیا گیا اس کا کیس اس وقت ابھی تک بورڈ آف ڈائریکٹرز کے زیر غور ہے جو فیصلہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کرے گا وہ ہمارے توسط سے اور صحیح دماغ سے فیصلہ ہوگا۔ صحیح فیصلہ کریں گے۔

جناب اسپیکر :- کوئی سپلیمنٹری سوال؟ صادق عمرانی صاحب اپنا سوال نمبر ۹۷ دریافت فرمائیں۔

X ۹۷ **محمد صادق عمرانی :-** کیا وزیر بی ڈی اے ازراہ کرم مطلع فرمائیں

گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ امجد درانی بی ڈی اے میں جنرل مینجر کے عہدے پر کام کرتے رہے ہیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ متعدد مالی اور انتظامی بے قاعدگیوں اور بدعنوانیوں کے الزامات کی بنیاد پر جنرل مینجر امجد درانی کے خلاف محکمہ بی ڈی اے میں مختلف قسم کی انکوائریاں کی گئی تھیں۔ جس میں چھوتو مل کی انکوائری بھی شامل تھی۔ جنکی وجہ سے وہ پانچ ماہ قبل معطل بھی رہا ہے؟

(ج) اگر جزو (ب) کا جواب اثبات میں ہے تو یہ بتایا جائے کہ ان انکوائریوں کا نتیجہ کیا برآمد ہوا۔ انکوائریاں اب تک جاری ہین اور آفیسر مذکورہ مبینہ کرپشن کے الزامات سے بری الذمہ قرار نہیں دیا گیا تو اسے بحال کرکے دوسرے محکمہ میں ٹرانسفر کرنے کی وجوہات کیا ہیں۔ نیز امجد درانی کے خلاف یہ انکوائریاں کب تک مکمل ہوں گی اور اب یہ انکوائریاں کس مرحلے میں ہیں؟

(د) کیا یہ درست نہیں ہوگا کہ جنرل مینجر امجد درانی جب تک ان انکوائریوں سے بری الذمہ نہیں ہوتے تو انہیں معطل رکھا جائے اور اگر الزامات ثابت ہوجاتے ہیں تو انہیں گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔

وزیر بی ڈی اے

(الف) یہ درست ہے۔

(ب) جناب محمد امجد درانی جنرل مینجر کے خلاف ادارہ ترقیات بلوچستان نے ۱۹۷۹ء میں کانک سمنگلی روڈ کے کیس میں انکوائری کی تھی۔ مورخہ ۱۷ جولائی ۱۹۹۳ء کو آفیسر مذکور کو چھوتو ملز کے کیس کے سلسلے میں چیئرمین ادارہ ترقیات بلوچستان نے معطلی کے احکامات جاری کیئے تھے لیکن حکومت بلوچستان محکمہ ملازمتہاو عمومی نظم و نسق نے ۲۷ جولائی ۱۹۹۳ء کو مذکورہ آفیسر کے معطلی کے احکامات کو روک دیا تھا۔ جس کی بناء پر ان کے خلاف محکمانہ انکوائری

نہیں کی جا سکی۔

(ج) سمنگلی کانک روڈ کے کیس کی انکوائری کے نتیجے میں آفیسرمذکور کی ایک سالانہ ترقی روک دی گئی تھی۔ جہاں تک چھوتو ملز کے کیس کا تعلق ہے یہ کیس محکمہ انسداد رشوت ستانی کے زیر تفتیش ہے جب تک کسی آفیسر کے خلاف الزامات ثابت نہیں ہوجاتے اس وقت تک اسے کسی بھی عہدے پر تعینات کیا جا سکتا ہے۔ گوکہ انڈسٹریل ڈیپارٹمنٹ (جن کو ایک نقل بھیجی گئی تھی) ہمیں اطلاع نہیں دی مگر ذاتی کوششوں سے محکمہ ملازمتہاء و نظم و نسق سے معلوم ہوا ہے کہ ۱۸ نومبر ۱۹۹۳ء کو صوبائی کونسل برائے انسداد رشوت ستانی کی میٹنگ میں یہ فیصلہ ہوا تھا کہ چھوتو ملز کا کیس بمعہ ریکارڈ چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کو مزید تفتیش کے لئے بھیجا جائے۔ کیونکہ ان کے پاس زیادہ وسائل اور فنی ماہرین ہیں۔ اس طرح اب یہ کیس چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کے پاس زیر تفتیش ہے۔

مزید یہ کہ ان کا تبادلہ دوسرے محکموں میں محکمہ ملازمتہاء و عمومی نظم و نسق حکومت بلوچستان نے کیا ہے۔ مذکور آفیسر کی خلاف مزید کارروائی چیف منسٹر انسپکشن ٹیم محکمہ انسداد رشوت ستانی کی رپورٹ موصول ہونے کے بعد کی جا سکتی ہے۔

(د) کسی بھی ملازم کو غیر معینہ مدت تک کے لئے معطل نہیں رکھا جا سکتا اور نہ ہی ایک کیس میں بار بار معطل کیا جاتا ہے۔

وزیر بی ڈی اے :- جواب موجود ہے اگر اسے پڑھا ہوا تصور کریں۔

میر محمد صادق عمرانی :- آپ پڑھ کر سنائیں۔

جناب اسپیکر :- Any supplementary

میر محمد صادق عمرانی :- جناب اسپیکر! حکومت تسلیم کرتی ہے کہ اس افسر کے خلاف حکومت کے پاس واضح ثبوت موجود ہیں لیکن پھر بھی افسر متعلقہ بار بار عہدوں پر لگایا جا رہا ہے کیا وزیر موصوف اس کی وضاحت کریں گے؟

وزیر بی ڈی اے :- جناب اس کے خلاف ایک مسئلہ تو ثابت ہوا ہے اس کی سزا ہم اس کو دے چکے ہیں۔ انہوں نے روڈ بنانے کے لئے میونسپل کمیٹی چمن سے رولر حاصل کیا تھا اس سے اس افسر نے صحیح طریقہ سے کام نہیں لیا اور اس کا صحیح استعمال نہیں کر سکا جس کے نتیجے میں پچاس ہزار روپے بی ڈی اے کو نقصان ہوا اس میں۔ اس کی ایک سالانہ ترقی روک دی گئی ہے باقی دوسرا کیس جو چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کے پاس ہے جس کا وہ فیصلہ کرے گی انشاء اللہ ہم صحیح طریقہ سے صحیح فیصلہ ہوگا۔ ہم اس کے مطابق عمل کریں گے۔

میر محمد صادق عمرانی :- کیا وزیر موصوف یہ بتانا پسند کریں گے کہ وزیر اعلیٰ کی انسپکشن ٹیم برائے انسداد رشوت ستانی کمیٹی کب تک اس سلسلے میں رپورٹ دے گی؟

وزیر بی ڈی اے :- وہ بااختیار ادارہ ہے ہماری کوشش ہوگی وہ جلد از جلد اپنی رپورٹ مرتب کرے اور ہمارے پاس بھجوائے ہم انشاء اللہ اس پر جلد از جلد عمل کریں گے۔

جناب اسپیکر :- سوال نمبر ۶۹ نواب عبدالرحیم شاہوانی صاحب دریافت کریں گے۔

(معزز رکن کی غیر موجودگی میں جناب ارجن داس بگٹی صاحب نے دریافت کیا)

X ۶۹ نواب عبدالرحیم شاہوانی :- (جناب ارجن داس بگٹی نے دریافت کیا)

کیا وزیر بلدیات از راہ کرام مطلع فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ میونسپل کارپوریشن کوئٹہ میں سخت عوامی احتجاج کے باوجود انتخابات نہیں کرائے جا رہے۔

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ کارپوریشن کے انتخابات کے لئے حلقہ بندیوں کی از سر نو تشکیل اور انتخابات کے لئے ایک ٹریبونل قائم کیا گیا تھا؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ ٹریبونل نے اپنی رپورٹ حکومت کو پیش کردی۔

(د) اگر جزو (الف) تا (ج) کا جواب اثبات میں ہے تو ٹریبونل کی رپورٹ اب تک شائع نہ کرنے کی وجہ کیا ہے؟ نیز

(ہ) حکومت انتخابات کرانے کا ارادہ رکھتی ہے؟

وزیر بلدیات

(الف) جی نہیں انتخابات نہ کرانے کی وجہ میونسپل کارپوریشن کی حدود کا عدم تعین ہے جس کا سبب مختلف آراء ہے۔

(ب) جی نہیں ٹریبونل کارپوریشن کی حدود کے تعین نہ کہ حلقہ بندی کی سفارشات کے لئے قائم کیا گیا تھا۔

(ج) جی ہاں۔ مگر رپورٹ حلقہ بندی کی نہیں بلکہ میونسپل حدود کے بارے میں ہے۔

(د) ٹریبونل کی رپورٹ و سفارشات حکومت کی تشکیل کردہ کمیٹی کے زیر غور ہے۔

(ہ) جی ہاں

جناب اسپیکر :- سوال نمبر ۱۴۵ سردار ڈاکٹر محمد حسین صاحب دریافت فرمائیں۔

(معزز رکن کی غیر موجودگی میں محمد صادق عمرانی صاحب نے دریافت کیا)

X ۱۴۵ ڈاکٹر محمد حسین :- (مسٹر محمد صادق عمرانی نے دریافت کیا)

کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ کوئٹہ میونسپل کارپوریشن اور کوئٹہ کینٹ کے ملٹری حکام کے درمیان روزانہ گیلن کے حساب سے سپن کاریز ڈیم، ہنہ اوڑک اور ولی تنگی ڈیم سے پانی کی تخصیص کے بارے میں کوئی معاہدہ ہوا ہے۔

(ب) اگر جزو (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو مذکورہ معاہدہ کے تحت کوئٹہ میونسپل کارپوریشن کو روزانہ کس قدر گیلن پانی مہیا کیا جا رہا ہے۔ نیز کیا حکومت مذکورہ معاہدہ کی نقول

ایوان میں پیش کرنا پسند کرے گی؟

وزیر بلدیات

(الف) جی ہاں۔ پینے کے پانی کی سپلائی کے بارے میں دو معاہدے بالترتیب ۱۹۲۸ء اور ۱۹۳۲ء کو ہوئے۔ نقول آخر پر ضمیمہ الف ملاحظہ فرمائیں۔ ولی تنگی ڈیم پر بھی کوئٹہ میونسپل کارپوریشن سے معاہدوں کے مطابق مبلغ =/۲۳۰۳۳۳ روپے اقساط کی صورت میں ۱۹۶۰ء سے ۱۹۶۲ء تک ادا کئے۔

(ب) معاہدوں میں دی گئی شرائط پر عملدرآمد نہیں ہوا۔ اب کوئٹہ میونسپل کارپوریشن کو صرف تین لاکھ گیلن پانی یومیہ مل رہا ہے جو کہ ناکافی ہے۔

جناب اسپیکر :- سوال نمبر ۱۴۶ ڈاکٹر محمد حسین صاحب۔

X ۱۴۶ **ڈاکٹر سردار محمد حسین :-** کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ

(الف) کوئٹہ میونسپل کارپوریشن کی چونگی کی حدود کیا ہیں؟

(ب) کیا نوٹیفکشن کے مطابق کوئٹہ چھاؤنی کی باؤنڈری اور ہنہ لیویز پوسٹ' ہنہ روڈ کے درمیان علاقہ چونگی کی حدود سے باہر ہے۔ نیز کیا حکومت اس گزٹ نوٹیفکشن جس میں چونگی حدود کا تعین کیا گیا ہے ایوان میں پیش کرنا پسند کرے گی۔

وزیر بلدیات :- میونسپل کارپوریشن کی حدود کا نوٹیفکشن ضمیمہ ب ملاحظہ ہو۔ یہاں یہ واضح کردینا ضروری ہے کہ اس وقت میونسپل کارپوریشن کنٹونمنٹ بورڈ' یونین کونسل کچھی بیگ کوتوال' ہلیلی اور شادیزئی کے لئے بھی محصول چونگی کی وصولی کررہی ہے۔ لہٰذا ان علاقوں کی حدود بھی چونگی حدود میں شامل ہے۔ کنٹونمنٹ بورڈ کی چونگی کی آمدن کا ۱۵ فیصد سالانہ اور چاروں یونین کونسلوں کو دو فیصد سالانہ ادا کیا جارہا ہے۔

(ب) جی ہاں' کوئٹہ چھاؤنی کی باؤنڈری اور ہنہ لیویز پوسٹ ہنہ روڈ کے درمیان کا علاقہ

چوکی کی حدود سے باہر ہے۔ یہاں یہ واضح کردینا ضروری ہے کہ چوکی پوسٹ کے لیویز پوسٹ پر قیام پاکستان سے قبل حفاظتی مقاصد کے پیش نظر قائم کیا گیا تھا۔

جناب اسپیکر :- سوال نمبر ۱۹۲ سردار محمد اختر مینگل۔

X ۱۹۲ سردار محمد اختر مینگل :- کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ

(الف) کیا درج ذیل کاموں کے لئے کھلے Open ٹینڈر ہوئے ہیں یا کہ پری کوالیفکیشن ٹینڈر طلب کئے گئے تھے۔ ہر دو صورتوں میں اخبار کا نام تاریخ مذکورہ کاموں کا ریٹ اور ورک آرڈر کے جاری کرنے کی تاریخ بھی بتلائی جائے؟

۱۔ زرغون روڈ پر گرائمر اسکول کے قریب پل کی تعمیر۔

۲۔ سلاٹر ہاؤس تحتانی روڈ پر سلاٹر ہاؤس کی تعمیر۔

۳۔ نیو زرغون روڈ پر فٹ پاتھ۔

(ب) اگر جزو (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو اخبارات کے ذریعے جو ٹینڈر طلب کئے گئے تھے ان میں کم ترین ریٹ کیا تھے؟

وزیر بلدیات :- جناب وزیر اعظم پاکستان کی گرانٹ برائے ترقی و خوبصورتی کوئٹہ شہر پر عملدرآمد کے لئے حکومت بلوچستان نے ایک کمیٹی تشکیل دی جس کے پروجیکٹ ڈائریکٹر کمشنر کوئٹہ ڈویژن ہیں۔ حکومت بلوچستان کی تشکیل کردہ پروجیکٹ کمیٹی اور محکمہ ترقیات و منصوبہ بندی حکومت بلوچستان کی منظوری کے بعد مندرجہ ذیل کاموں کے لئے ماہ دسمبر ۱۹۹۳ء میں پری کوالیفائی نوٹس بورڈ کے ذریعے ریٹس طلب کئے گئے۔

۱۔ زرغون روڈ پر گرائمر اسکول کے قریب پل کی تعمیر۔

۲۔ تحتانی روڈ پر سلاٹر ہاؤس کی تعمیر۔

۳۔ نیو زرغون روڈ پر فٹ پاتھ۔

جن کی با قاعدہ مکمل جانچ پڑتال کی جاکر پی ڈی ڈبلیو پی حکومت بلوچستان سے منظوری حاصل کی گئی اور ٹھیکیداروں کو ورک آڈر جاری کردیئے گئے۔ تاریخ حسب ذیل ہے۔

۱۔ ریٹ طلب کرنے کی تاریخ ۱۹ دسمبر ۱۹۹۳ء

۲۔ ورک آرڈر جاری کرنے کی تاریخ ۵ مارچ ۱۹۹۴ء

(ب) جیسا کہ جزو (الف) میں ذکر ہے موزوں پری کوالیفائی ٹھیکیداروں سے نوٹس بورڈ کے ذریعے مندرجہ بالا کاموں کے ریٹس طلب کئے گئے جس کی با قاعدہ منظوری پی ڈی ڈبلیو ڈی سے حاصل کی گئی کم ترین نرخ حسب ذیل ہیں۔

۱۔ زرغون روڈ پر گرائمر اسکول کے قریب پل کی تعمیر ۱۰۳ فیصد زائد۔

۲۔ تختانی روڈ پر سلاٹر ہاؤس کی تعمیر ۱۰۴ فیصد زائد

۳۔ نیو زرغون روڈ پر فٹ پاتھ سیول ورک ۲۵۰۲ فیصد زائد

روڈ ورک ۱۰۱ ۵ فیصد بلیو

(کمپوزشیڈول ریٹس آف ۱۹۹۲ء)

سردار محمد اختر مینگل :- جناب اسپیکر! جیسا کہ وزیر موصوف سے عرض کیا گیا ہے "اگر جزو الف کا جواب اثبات میں ہے تو اخبارات کے ذریعے جو ٹینڈر طلب کئے گئے تھے ان میں کم ترین ریٹ کیا تھے؟" اخباروں کے جو نام تھے ہم نے ان کی تفصیل مانگی تھی۔

وزیر بلدیات :- جناب والا! اسمبلی کو اسچن Question تو ہمارا ہے نہیں۔ کیونکہ یہ پیسے ہمارے پاس ہیں نہیں اور یہ پیسے جو ہمیں اس کے لئے گورنمنٹ نے ایک کمیٹی بنائی تھی جس نے یہ پیسے کمشنر کوئٹہ کو دے دیئے تھے کام کرنے کے لئے۔ یہ پیسے ہمارے ہیں نہیں لہٰذا یہ کواسچن بنتا ہی نہیں ہے۔ ویسے میں نے اس سوال کا جواب آپ کو دے دیا ہے۔

جناب اسپیکر :- سوال نمبر ۱۹۳ سردار محمد اختر مینگل صاحب

X ۱۹۳ **سردار محمد اختر مینگل :-** کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم مطلع

فرمائیں گے کہ

فل ٹائم ایڈ منسٹریشن کی موجودگی میں کوئٹہ' بیوٹی فیکشن کی رقم کس ادارے کے پاس ہے۔ اگر یہ رقم کمشنر کوئٹہ کے پاس ہے تو بلدیہ عظمیٰ کوئٹہ کے فرائض منصبی کیا ہیں۔

وزیر بلدیات :- بیوٹی فیکشن کی رقم جناب کمشنر کوئٹہ ڈویژن (بحیثیت پروجیکٹ ڈائریکٹر) کی صوابدید پر رکھی ہے۔ بلوچستان لوکل گورنمنٹ آرڈیننس مجریہ ۱۹۸۰ء کے تحت میونسپل کارپوریشن کی حدود میں کسی قسم کی ترقیاتی سرگرمیاں کرنا میئر/ ایڈ منسٹریٹر کے فرائض منصبی میں شامل ہیں۔

جناب اسپیکر :- ضمنی بجٹ پر تقریر کے لئے ممبران اسمبلی نے اپنے نام سیکریٹری اسمبلی کو لکھادیں رخصت کی درخواست ہو تو سیکریٹری اسمبلی پیش کریں۔

رخصت کی درخواستیں

مسٹر اختر حسین خان (سیکریٹری اسمبلی) :- سردار محمد طاہر خان لونی وزیر صحت نے ذاتی مصروفیات کی بناء پر ۲۲ اور ۲۳ جون کے لئے اجلاس سے درخواست کی ہے۔

جناب اسپیکر :- سوال یہ ہے کہ آیا رخصت منظور کی جائے؟

(رخصت منظور کی گئی)

سیکریٹری اسمبلی :- میر سردار چاکر خان ڈومکی رکن اسمبلی نے ذاتی مصروفیات کی بناء پر ۲۲ جون سے ۲۷ جون تک اجلاس سے رخصت کی درخواست کی ہے۔

جناب اسپیکر :- سوال یہ ہے کہ آیا رخصت منظور کی جائے؟

(رخصت منظور کی گئی)

سیکریٹری اسمبلی :- نواب عبدالرحیم خان شاہوانی نے ذاتی مصروفیات کی بناء پر

۲۲جون اور ۲۳جون کے اجلاس سے رخصت کی درخواست کی ہے۔

جناب اسپیکر :- سوال یہ ہے کہ آیا رخصت منظور کی جائے؟

(رخصت منظور کی گئی)

سیکریٹری اسمبلی :- جام محمد یوسف سینئر وزیر سرکاری دورہ پر لسبیلہ تشریف لے گئے ہیں اس لئے انہوں نے ۲۲اور ۲۳جون کے لئے اجلاس سے رخصت کی درخواست کی ہے۔

جناب اسپیکر :- سوال یہ ہے کہ آیا رخصت منظور کی جائے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب اسپیکر :- تحریک استحقاق یا کوئی تحریک التواء؟

محمد صادق عمرانی :- جناب والا! میں نے تحریک استحقاق نمبر ۱۰ پیش کی ہے۔

تحریک یہ ہے کہ ۱۶ جون ۱۹۹۴ء کو صوبائی وزیر آبپاشی و برقیات حمید خان اچکزئی نے اسمبلی فلور پر کہا کہ میں اس ملک کو' اس کے آئین کو اور بوگس اسمبلی کو نہیں مانتا ہوں جس سے اس پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے لہٰذا اسمبلی کارروائی روک کر اس اہم نوعیت کے مسئلے پر بحث کی جائے۔

جناب اسپیکر :- اس پر اس دن بھی بات ہوئی تھی کہ جو الفاظ انہوں نے کہے تھے میں نے اس دن کی اسمبلی کارروائی سے حذف کردیئے تھے۔ آپ نے جو تحریک استحقاق پیش کی ہے اس کے بارے میں آپ کو بذریعہ مراسلہ اطلاع کردی جائے گی۔ کیونکہ وہ تحریک استحقاق بنتی ہی نہیں ہے جو واقعہ تھا وہ الفاظ اسمبلی کی کارروائی سے حذف کردیئے گئے ہیں۔

میر محمد صادق عمرانی :- جناب والا! آپ نے اس دن وہ الفاظ کارروائی سے حذف کئے چونکہ میں مزید اس سلسلہ میں کچھ دستاویزات لایا ہوں۔ کیونکہ وزیر موصوف اس ایوان کے اندر موجود ہیں وہ ۱۰۹' ۳۰۲' ۱۴۹' ۱۴۸' ۱۴۷ تعزیرات پاکستان کے دفعات میں

اشتہاری ملزم ہے اور اس ایوان کے اندر موجود ہے۔ میں نے اس وجہ سے تحریک استحقاق پیش کی ہے کیونکہ میں ایک دستاویزاتی فلم بھی لے کر آیا ہوں۔ ان کی پوری دہشت گردی' افغانستان میں ان کے جو کیمپس ہیں' گلستان میں جتنے قتل ہوئے ہیں' جو کچھ ہوا ہے اس پر دستاویزی فلم لایا ہوں تاکہ میں پیش کرتا ہوں۔ آپ اس پر اسمبلی کی کارروائی کو روک کر پوری ک ....

جناب اسپیکر :- اگر اس پر آپ علیحدہ کوئی تحریک لانا چاہتے ہیں تو لے آئیں اگر وہ قانون کے مطابق ہوگی تو اسے ہم ہاؤس میں لے آئیں گے۔ اگر نہیں تو .... (مداخلت)

مسٹر محمد صادق عمرانی :- جناب اسپیکر صاحب! میری ایک ریکویسٹ Request ہے۔ جتنے بھی پارٹیوں کے پارلیمانی لیڈر یہاں موجود ہیں اور پریس کی موجودگی میں فلم ان کو دکھائی جاسکے۔

جناب اسپیکر :- آپ تشریف رکھیں' یہ ہاؤس ہے۔

نواب ذوالفقار علی مگسی (قائد ایوان) :- جناب اسپیکر! اگر آپ اجازت دیں تو میں کچھ وضاحت کرسکوں۔ میں اس دن اسمبلی میں موجود نہیں تھا۔ لیکن بدقسمتی سے یہ مسئلہ یہاں اٹھ کھڑا ہوا۔ ایسے ایشو اٹھائے گئے جو ہم سب کے لئے مناسب نہیں تھے۔ صادق عمرانی صاحب کوئی ویڈیو کیسٹ لے کر آئے ہیں اور کوئی دستاویزات تو وہ جاکر ایف آئی آر درج کرادیں۔ قانون اپنی کارروائی کرے گا۔

مسٹر محمد صادق عمرانی :- جناب والا! ایک ایف آئی آر تو درج ہے۔ میں نے دفعات بنادی ہیں اس بارے میں کچھ کہیں گے؟

قائد ایوان :- ایف آئی آر Lodge ہے اس پر قانونی کارروائی ہوگی۔

جناب اسپیکر :- قائد ایوان نے کہہ دیا کہ ایف آئی آر درج ہے اس پر قانونی کارروائی ہوگی۔

مسٹر عبید اللہ بابت :- جناب والا! صادق صاحب نے اس دن پشتون قوم کا استحقاق مجروح کیا تھا انہوں نے پشتون قوم کو بلوچ کہا تھا۔

جناب اسپیکر :- ضمنی مزانیہ بابت سال ۹۴-۱۹۹۳ء پر عام بحث۔ میں لیڈر آف دی اپوزیشن سے کہوں گا کہ وہ اپنی بحث کا آغاز کریں۔

ضمنی بجٹ بابت سال ۹۴-۱۹۹۳ء پر عام بحث

سردار محمد اختر مینگل :- جناب اسپیکر! آپ کی اجازت سے کیونکہ آج سپلیمنٹری بجٹ پیش کیا جارہا ہے یہ آپ کے علم میں ہے۔ نہ جانے ہم اس حکومت کو کن معنی میں شمار کریں۔ بجٹ وہ ہوتا ہے جب اس کی اسمبلی سے منظوری دی جائے۔ اس کے اخراجات کا اور پھر اسے خرچ کیا جائے۔ اب ہم سن رہے ہیں کہ رقم پہلے خرچ کی گئی ہے۔ اب جب کہ رقم خرچ کی جاچکی ہے تو ایوان میں اس کی منظوری کا فائدہ کیا ہے۔ ہمیشہ ایسا ہی ہوت اہے تو ہم بھی ہمیشہ کی روایتوں کو برقرار رکھیں گے۔ تو پھر یہ الزام تراشیاں نہ کی جائیں۔ جب اپوزیشن کی طرف سے کسی نکتہ پر اعتراض کیا جاتا ہے کہ آپ کے وقت میں وہ ہوا تھا۔ ہم ایسا کرنے والے نہیں ہیں۔ آپ کے وقت میں وہی ہورہا ہے جو پچھلے وقتوں میں ہوا تھا۔ جناب اسمبلی میں کسی بھی سلسلہ میں بجٹ پر بحث ہوتی ہے اور جس بجٹ کو اسمبلی منظور کرتی ہے تو وہ ایوان کی پراپرٹی بن جاتی ہے۔ اس میں چھنجھوڑ لانا اس میں ردوبدل لانا یا اس میں کوئی تبدیلی کرنا ہو تو وہ صرف ایوان ہی کرسکتا ہے۔ لیکن دیکھنے میں یہ آرہا ہے کہ ایوان سے منظوری لی جاتی ہے اس کے مقابلہ میں اس میں ردوبدل لائی جاتی ہے۔ جب ایوان میں بجٹ پیش ہوتا ہے اس پر ایوان میں بحث و مباحثہ ہوتا ہے جیسا کہ ابھی اس کی ابتداء ہورہی ہے۔ بحث و مباحثہ کے بعد وہ بجٹ منظور کیا جاتا ہے۔ اس کی منظوری کے بعد اس میں

جھنجوڑلانا اس میں Pluse اور Minus لانا وہ صرف ایوان ہی کا کام ہے۔ یعنی کسی پر ایوان سے دس ارب کی منظوری دی گئی ہے اور اس میں سپلیمنٹری ایک ارب بارہ کروڑ اور ایڈ کئے گئے تھے۔ اب یہ کہاں ایڈ کئے گئے ہیں۔ دیکھا جائے۔ لاء اینڈ آرڈر ویسے تو ہمارے موجودہ حکمران بھی تسلیم کر رہے ہیں۔ لاء اینڈ آرڈر کا کوئی مسئلہ ہی نہیں ہے۔ لیکن اگر دیکھا جائے بقول حکمرانوں کے کہ امن و امان کا مسئلہ بلوچستان میں موجود نہیں۔ ۹۴-۱۹۹۳ء میں پچانوے کروڑ خرچ کئے گئے کیا یہ ناکافی تھے کہ اس میں ایک کروڑ پچیس لاکھ روپے کا اور اضافہ کیا گیا ہے۔ لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال تو بہتر ہے۔ دوسرے صوبوں کے مقابلے میں ایک کروڑ پچیس لاکھ کی جو رقم صرف کی گئی ہے وہ کن بنیادوں پر کی گئی ہے۔ دوسرا جو بڑا شعبہ ایس اینڈ جی اے ڈی ہے۔ ۹۴-۱۹۹۳ء کے ترمیمی بجٹ میں ایک ارب تیرہ کروڑ روپے رکھے ہیں جو کہ اس وقت کے اخراجات جاریہ کا آٹھواں حصہ بنتا ہے جس میں ترمیم کے وقت تینتیس کروڑ روپے کا اضافہ کیا گیا تھا۔ مگر سپلیمنٹری بجٹ میں مزید تیس کروڑ روپے کا اضافہ کیا گیا۔ اس کے کیا معنی ہیں کہ مزید تیس کروڑ روپے کا سپلیمنٹری بجٹ میں اضافہ کیا گیا ہے۔ اس طرح ۹۴-۱۹۹۳ء کے حقیقی بجٹ میں ۶۳ کروڑ روپے کا اضافہ ہوا ہے۔ یعنی حقیقی جو بجٹ ہے ۶۳ کروڑ کے مقابلے میں اسی کروڑ روپے کا اضافہ ہوا ہے۔ سات کروڑ چیف منسٹر کے ضافی اخراجات ہوئے ہیں جس میں گفٹس Gifts لکھے گئے ہیں۔ ان گفٹوں کی کوئی نشاندہی نہیں کی گئی ہے اور ٹرانسپورٹ' پتہ نہیں کہ یہ کس قسم کی ٹرانسپورٹ ہے اور کن کو ان گفٹوں سے نوازا گیا ہے۔ آیا کسی کو خوش رکھنے کے لئے یا کسی کو بندھن میں باندھنے کے لئے گفٹ مہیا کئے گئے ہیں تو سپلیمنٹری اخراجات جو آج پیش کئے جا رہے ہیں۔ وہ تو پہلے سے خرچ کر دیئے گئے ہیں اور اب ان کی منظوری دینے کا کیا فائدہ ہے؟ مقصد کیا ہے جناب اسپیکر میں ان الفاظ کے ساتھ آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے اس سپلیمنٹری بجٹ جو خرچ کئے گئے ہیں اس پر بات کرنے کے لئے وقت دیا ہے۔ شکریہ۔

جناب اسپیکر :- کوئی اور رکن جو سپلیمنٹری بجٹ پر بات کرنا چاہتا ہے؟ ورنہ ہم

رائے شماری کریں گے؟

سردار محمد اختر مینگل :- جناب اسپیکر جیسا کہ ہم نے کہا کہ یہ رقم پہلے سے خرچ ہوئی ہے اس کو اب اسمبلی میں پیش کرنے کا جواز نہیں ہے لہٰذا ہم متحدہ اپوزیشن کی طرف سے واک آؤٹ کرتے ہیں۔

(اس مرحلے پر سردار محمد اختر مینگل کی قیادت میں اپوزیشن کے موجود ارکان ایوان سے واکٹ آؤٹ کر گئے)

مسٹر کچکول علی (وزیر) :- جناب والا! اگر آپ آئین کو دیکھیں تو انہوں نے جو واک آؤٹ کیا ہے اس کے لئے کوئی وجوہات ہی نہیں تھیں۔

جناب اسپیکر :- آپ تشریف رکھیں۔

ضمنی مطالبات زر بابت سال ۹۳-۱۹۹۴ء پر رائے شماری

شیخ جعفر خان مندوخیل (وزیر خزانہ) :- جناب اسپیکر! آپ کی اجازت سے میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ

ایک رقم جو (۳۰ کروڑ ۸۹ لاکھ ۶۲ ہزار ایک سو ۶۰ روپے) = /۳۰۸٬۹۶۲٬۱۶۰ روپے سے متجاوز نہ ہو، وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کیا جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے بسلسلہ مد "نظم و نسق عامہ" برداشت کرنے پڑیں گے۔

جناب اسپیکر :- تحریک جو پیش کی گئی یہ ہے

ایک رقم جو (۳۰ کروڑ ۸۹ لاکھ ۶۲ ہزار ایک سو ۶۰ روپے) = /۳۰۸٬۹۶۲٬۱۶۰ روپے سے متجاوز نہ ہو، وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کیا جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے بسلسلہ مد "نظم و نسق عامہ" برداشت کرنے پڑیں گے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب اسپیکر :- جناب اسپیکر! آپ کی اجازت سے میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ (۱۸لاکھ ۶۸ ہزار ۹ سو ۶۱ روپے) =/۱٬۸۶۸٬۹۶۱ روپے سے متجاوز نہ ہو' وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون کے لئے بسلسلہ مد "صوبائی آب کاری" برداشت کرنے پڑیں گے۔

جناب اسپیکر :- تحریک جو پیش کی یہ ہے کہ (۱۸لاکھ ۶۸ ہزار ۹ سو ۶۱ روپے) =/۱٬۸۶۸٬۹۶۱ روپے سے متجاوز نہ ہو' وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون کے لئے بسلسلہ مد "صوبائی آب کاری" برداشت کرنے پڑیں گے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب اسپیکر :- اگلی تحریک

وزیر خزانہ :- جناب اسپیکر! آپ کی اجازت سے میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ (۱۰لاکھ ۳۱ ہزار ۲ سو ۴۵ روپے) =/۱۰٬۳۱٬۲۴۵ روپے سے متجاوز نہ ہو' وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے بسلسلہ مد "اسٹامپ" برداشت کرنے پڑیں گے۔

جناب اسپیکر :- تحریک جو پیش کی گئی یہ ہے کہ (۱۰لاکھ ۳۱ ہزار ۲ سو ۴۵ روپے) =/۱۰٬۳۱٬۲۴۵ روپے سے متجاوز نہ ہو' وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے بسلسلہ مد "اسٹامپ" برداشت کرنے پڑیں گے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب اسپیکر :- اگلی تحریک۔

وزیر خزانہ :- جناب اسپیکر! آپ کی اجازت سے میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ
ایک رقم جو (۹۴ ہزار ۴ سو ۹ روپے) =/۹۴٬۴۰۹ روپے سے متجاوز نہ ہو' وزیر اعلیٰ کو
ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے
بسلسلہ مد "موٹر وہیکلز ایکٹ" برداشت کرنے پڑیں گے۔

جناب اسپیکر :- تحریک جو پیش کی گئی یہ ہے کہ
ایک رقم جو (۹۴ ہزار ۴ سو ۹ روپے) =/۹۴٬۴۰۹ روپے سے متجاوز نہ ہو' وزیر اعلیٰ کو
ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے
بسلسلہ مد "موٹر وہیکلز ایکٹ" برداشت کرنے پڑیں گے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب اسپیکر :- اگلی تحریک۔

وزیر خزانہ :- جناب اسپیکر! آپ کی اجازت سے میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ
ایک رقم جو (۱ لاکھ ۱ ہزار ۷ سو ۴۷ روپے) =/۱۰۱٬۷۴۷ روپے سے متجاوز نہ ہو'
وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء
کے لئے بسلسلہ مد "دیگر ٹیکسز اور محصولات" برداشت کرنے پڑیں گے۔

جناب اسپیکر :- تحریک جو پیش کی گئی یہ ہے کہ
ایک رقم جو (۱ لاکھ ۱ ہزار ۷ سو ۴۷ روپے) =/۱۰۱٬۷۴۷ روپے سے متجاوز نہ ہو'
وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء
کے لئے بسلسلہ مد "دیگر ٹیکسز اور محصولات" برداشت کرنے پڑیں گے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب اسپیکر :- اگلی تحریک۔

وزیر خزانہ :- جناب اسپیکر! آپ کی اجازت سے میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ

ایک رقم جو (۲ کروڑ روپے) =/۲۰،۰۰۰،۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو' وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے بسلسلہ مد "پنشن" برداشت کرنے پڑیں گے۔

جناب اسپیکر :- تحریک جو پیش کی گئی یہ ہے کہ

ایک رقم جو (۲ کروڑ روپے) =/۲۰،۰۰۰،۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو' وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے بسلسلہ مد "پنشن" برداشت کرنے پڑیں گے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب اسپیکر :- اگلی تحریک۔

وزیر خزانہ :- جناب اسپیکر! آپ کی اجازت سے میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ

ایک رقم جو (۵۱ ہزار روپے) =/۵۱،۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو' وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے بسلسلہ مد "ایڈمنسٹریشن آف جسٹس) برداشت کرنے پڑیں گے۔

جناب اسپیکر :- تحریک جو پیش کی گئی یہ ہے کہ

ایک رقم جو (۵۱ ہزار روپے) =/۵۱،۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو' وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے بسلسلہ مد "ایڈمنسٹریشن آف جسٹس) برداشت کرنے پڑیں گے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب اسپیکر :- اگلی تحریک۔

وزیر خزانہ :- جناب اسپیکر! آپ کی اجازت سے میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ

ایک رقم جو (۲ لاکھ ۸ ہزار ۶ سو ۴۸ روپے) =/۲۰۸'۶۴۸ روپے سے متجاوز نہ ہو' وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے بسلسلہ مد "نارکوٹیک کنٹرول" برداشت کرنے پڑیں گے۔

جناب اسپیکر :- تحریک جو پیش کی گئی یہ ہے کہ

ایک رقم جو (۲ لاکھ ۸ ہزار ۶ سو ۴۸ روپے) =/۲۰۸'۶۴۸ روپے سے متجاوز نہ ہو' وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے بسلسلہ مد "نارکوٹیک کنٹرول" برداشت کرنے پڑیں گے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب اسپیکر :- اگلی تحریک۔

وزیر خزانہ :- جناب اسپیکر! آپ کی اجازت سے میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ

ایک رقم جو (۳ کروڑ ۱۱ لاکھ ۵۴ ہزار ۲ سو ۲۳ روپے) =/۳۱'۱۵۴'۲۲۳ روپے سے متجاوز نہ ہو' وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے بسلسلہ مد "پبلک ہیلتھ سروسز" برداشت کرنے پڑیں گے۔

جناب اسپیکر :- تحریک جو پیش کی گئی یہ ہے کہ

ایک رقم جو (۳ کروڑ ۱۱ لاکھ ۵۴ ہزار ۲ سو ۲۳ روپے) =/۳۱'۱۵۴'۲۲۳ روپے سے متجاوز نہ ہو' وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے بسلسلہ مد "پبلک ہیلتھ سروسز" برداشت کرنے پڑیں گے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب اسپیکر :- اگلی تحریک۔

وزیر خزانہ :- جناب اسپیکر! آپ کی اجازت سے میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ

ایک رقم جو (۴ لاکھ ۲۸ ہزار ا سو ۱۲ روپے) =/۴۲۸٬۱۱۲ روپے سے متجاوز نہ ہو٬ وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے بسلسلہ مد "شہری / ٹاؤن پلاننگ" برداشت کرنے پڑیں گے۔

جناب اسپیکر :- تحریک جو پیش کی گئی یہ ہے کہ

ایک رقم جو (۴ لاکھ ۲۸ ہزار ا سو ۱۲ روپے) =/۴۲۸٬۱۱۲ روپے سے متجاوز نہ ہو٬ وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے بسلسلہ مد "شہری / ٹاؤن پلاننگ" برداشت کرنے پڑیں گے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب اسپیکر :- اگلی تحریک۔

وزیر خزانہ :- جناب اسپیکر! آپ کی اجازت سے میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ

ایک رقم جو (۱۶ لاکھ ۱۳ ہزار ۴ سو ۳۸ روپے) =/۱٬۶۱۳٬۴۳۸ روپے سے متجاوز نہ ہو٬ وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے بسلسلہ مد "کھیل و تفریحی سہولیات" برداشت کرنے پڑیں گے۔

جناب اسپیکر :- تحریک جو پیش کی گئی یہ ہے کہ

ایک رقم جو (۱۶ لاکھ ۱۳ ہزار ۴ سو ۳۸ روپے) =/۱٬۶۱۳٬۴۳۸ روپے سے متجاوز نہ ہو٬ وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے بسلسلہ مد "کھیل و تفریحی سہولیات" برداشت کرنے پڑیں گے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب اسپیکر :- اگلی تحریک۔

وزیر خزانہ :- جناب اسپیکر! آپ کی اجازت سے میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ

ایک رقم جو (۹ لاکھ ۱۸ ہزار ۲۶ روپے) =/۹۱۸،۰۲۶ روپے سے متجاوز نہ ہو، وزیر اعلیٰ کو ان اخراجات کی کفالت کے لئے عطا کی جائے جو مال سال مختتمہ ۳۰ جون ۱۹۹۴ء کے لئے بسلسلہ مد "سماجی تحفظ و سماجی بہبود" برداشت کرنے پڑیں گے۔

